# اسیسمنٹ فریم ورک اور ماڈل پیپر

## ترجمہ قرآن مجید بارہویں

نیشنل کریکولم آف پاکستان

2022-2023

INCLUSIVE SCHEME OF STUDIES 2024



فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ
اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن اسلام آباد

**WE WORK FOR EXCELLENCE**

# فیڈرل بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن

# اسلام آباد

# اسیسمنٹ فریم ورک

## برائے

## جماعت دوازدہم ترجمۂ قرآنِ مجید

## کریکولم ۲۳-۲۰۲۲ء

## SCHEME OF STUDIES 2024

# اظہارِ تشکر


اسیسمنٹ فریم ورک برائے ترجمۂ قرآنِ مجید کی تیاری کے سلسلے میں جن ماہرین نے مسلسل محنت کی ان کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔

1. ڈاکٹر حافظ محمد یونس، ایسوسی ایٹ پروفیسر، اسلام آباد کالج برائے طلباء، جی سکس تھری، اسلام آباد
2. ہمایوں عبد اللہ، ایسوسی ایٹ پروفیسر، اسلام آباد ماڈل کالج برائے طلباء، آئی ایٹ تھری، اسلام آباد
3. قاری سید الرحمن، لیکچرار، فضائیہ انٹر کالج، نور خان، راولپنڈی
4. مسز سارہ مسعود، آرمی پبلک سکول اینڈ کالج سسٹم سیکرٹریٹ، راولپنڈی
5. حافظ روح الامین، لیکچرار، اسلام آباد ماڈل کالج برائے طلباء، جی ٹین فور، اسلام آباد
6. مس سلمیٰ فاروق، لیکچرار، اسلام آباد کانونٹ سکول، ایچ ایٹ فور، اسلام آباد

اس مؤقر و مؤثر پراجیکٹ کی تکمیل، چیئرمین وفاقی تعلیمی بورڈ جناب ڈاکٹر اکرام علی ملک کی نگرانی اور سرپرستی کے بغیر ممکن نہ تھی۔ اس سلسلے میں وفاقی تعلیمی بورڈ کے شعبۂ ریسرچ، خاص طور پر سید ذوالفقار شاہ، ڈپٹی سیکرٹری ریسرچ اینڈ اکیڈمکس کی کاوشیں لائقِ تحسین ہیں، جن کا اس حوالے سے فعال اور کلیدی کردار رہا ہے۔

**مرزا علی**

**ڈائریکٹر**

**ایف بی آئی ایس ای اسلام آباد**

# اسیسمنٹ فریم ورک ترجمۂ قرآنِ مجید ۲۳-۲۰۲۲ء

وفاقی تعلیمی بورڈ اسلام آباد امتحانی نظام کو بدلتی دنیا کے جدید ترین تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے پر کمر بستہ ہے۔اس مقصد کے حصول کے لیے گاہے گاہے ایسے عملی اقدامات بھی اٹھائے جاتے ہیں۔ جیسا کہ قومی نصاب اور حاصلاتِ تعلم کی روشنی میں امتحانی پرچہ جات کی تیاری کو خصوصی طور پر اہمیت دی گئی ہے۔ ہماری اس کوشش کو طلبہ، اساتذہ، ماہرینِ مضمون اور تعلیمی اداروں کی جانب سے سراہا بھی جارہاہے۔ یہ بات خوش آئند اور حوصلہ افزا ہے کہ اس تناظر میں وفاقی تعلیمی بورڈ اسلام آباد وطنِ عزیز کے تمام تعلیمی بورڈز میں سرِ فہرست ہے۔ اسی سلسلے کو آگے بڑھاتے ہوئے ایک ایسالائحۂ عمل ترتیب دیا جارہاہے کہ جس پر عمل پیرا ہونے سے طلبہ، اساتذہ اور امتحانی پرچہ جات کے تشکیل کنندہ(Paper Setter) کسی قسم کے ابہام کا شکار نہ رہیں گے۔

یہ امر ہمارے لیے باعثِ افتخار ہے کہ وفاقی تعلیمی بورڈ اسلام آباد نے Inclusive Scheme of Studies 2024 کے مطابق ترجمۂ قرآنِ مجید برائے جماعت دوازدہم کے لیے اسیسمنٹ فریم ورک یعنی امتحانی نقطۂ نظر سے تشکیلی جانچ(Formative Assessment)وحتمی جانچ (Summative Assessment) کا ایک ڈھانچہ تشکیل دینے کا اعزاز حاصل کیا ہے یہ پاکستان کی سطح پر اپنی نوعیت کا ایک نیا تجربہ ہے جس کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ موجودہ قومی نصاب ۲۳-۲۰۲۲ء کو اس طرح عملی طور پر لاگو کیا جائے کہ طلبہ، اساتذۂ کرام اور امتحانی پرچہ جات کے تشکیل کنندہ(Paper Setters) کو سالانہ امتحان کے سلسلے میں اپنے اپنے شعبے میں مکمل رہنمائی دستیاب ہو جائے۔ طلبہ اس بات سے آگاہ ہوں کہ انھوں نے کیا پڑھنا ہے اور اساتذۂ کرام کو معلوم ہو کہ سالانہ امتحان کی ضرورت کے تحت انھوں نے کیا پڑھانا ہے۔ جب کہ امتحانی پرچے کی تشکیل میں بھی یہ فریم ورک مکمل طور پر مدد و معاون ثابت ہو۔ اس طرح تشکیلی و حتمی جانچ کا یہ ہمہ جہت خاکہ یا ڈھانچہ ایک مکمل رہنما کا کردار ادا کرے گا۔ اسیسمنٹ فریم ورک کی تشکیلی و حتمی جانچ کی تیاری میں ماہرین اور تجربہ کار اساتذہ نے حصہ لیا، قومی نصاب ۲۳-۲۰۲۲ء کا گہرائی اور عمیق النظری سے مطالعہ کیا گیا اور محنت و لگن اور توجہ کے ساتھ تمام حاصلاتِ تعلم کا احاطہ کرتے ہوئے یہ فریم ورک تیار کیا گیا ہے۔

# تشکیلی جانچ(Formative Assessment)

تشکیلی جانچ (Formative Assessment) تعلیمی عمل کا ایک اہم عنصر ہے، جو طلبہ اور معلمین دونوں کے لیے کمرۂ جماعت(Class Room) میں ہونے والے تدریسی عمل اور تعلیم کا موئثر جائزہ پیش کرتا ہے۔ حتمی جانچ کے برعکس تشکیلی جانچ سیکھنے سکھانے کے عمل سے جڑی ہوتی ہے جو کہ طلبہ کے فہم اور تدریسی عمل کی کارکردگی اور کار آمد ہونے کو پرکھتے ہوئے آئندہ کی تدریسی حکمتِ عملی مرتب کرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔ حتمی جانچ کے برعکس تشکیلی جانچ میں سند (Certificate) کا اجرا نہیں کیا جاتا بلکہ اس کا بنیادی مقصد تعلم کے موئثر یا غیر موئثر ہونے کے بارے میں معلومات فراہم کرنا ہوتا ہے۔

تشکیلی جانچ کا بنیادی مقصد تعلیم و تعلم کے عمل میں رہ جانے والی خامیوں کی نشان دہی کرنا ہوتا ہے تاکہ بروقت اقدامات کر کے ان کی تلافی کی جاسکے اور پڑھانے کے عمل کو بہتر بنایا جاسکے۔ یہ مؤثر اور متحرک طریقہ کار اساتذہ کرام کو اپنے طلبہ کی نصابی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے اپنے تدریسی تعامل میں بہتری لانے کے لئے ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر ذہنی آزمائش کے سوالوں یا کلاس میں بحث و مباحثہ کے ذریعے اساتذہ کرام کو یہ معلوم ہوتا ہے کہ کلاس کے کتنے طلبہ کسی ایک مخصوص موضوع کو سمجھنے میں کتنی دقت محسوس کر رہے ہیں اور کتنی نئی معلومات اور اضافی توضیحات کے ساتھ یا کسی تدریسی تعامل کی مدد سے اپنے موضوعِ تدریس پر نظرِ ثانی کی کس حد تک ضرورت ہے۔ تدریسی عمل کی یہ لچک مطالعاتی مواد کی ہمہ جہت اور گہری تفہیم کے لئے بہت ضروری ہوتی ہے۔ تشکیلی جانچ کی مختلف صورتیں ہیں جن میں کمرۂ جماعت میں بحث و مباحثہ، مشاہدات اور زبانی سوالات و جوابات وغیرہ جیسے غیر روایتی دوستانہ طریقے شامل ہیں۔

تشکیلی جانچ کا تنوع اساتذہ کرام کے لیے مختلف النوع ترجیحات کا دروازہ کھول دیتا ہے تاکہ سیکھنے کے سفر میں تمام طلبہ مشغول اور مصروفِ کار رہیں۔ تشکیلی جانچ کمرۂ جماعت (Class Room) میں سیکھنے کے عمل کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنے کے حوالے سے نمایاں کردار ادا کرتی ہے۔

تشکیلی جانچ ایک ایسا طاقت ور پیمانہ ہے جسے موئثر طریقے سے نافذ العمل کر کے سیکھنے سکھانے کے عمل کو بہتر کیا جاسکتا ہے۔ یہ طلبہ اور اساتذہ کے لئے بصیرت افروز ثابت ہوتی ہے اور ایک ایسا ساز گار ماحول تخلیق کرتی ہے جس میں سیکھنے سکھانے کا عمل دوچند ہو جاتا ہے۔

# حتمی جانچ(Summative Assessment)

حتمی جانچ (Summative Assessment) تعلیمی سر گرمیوں کا ایک ایسا بنیادی عنصر ہے جسے ایک مخصوص تدریسی دورانیے (سیشن) کے اختتام پر طلبہ کے تعلم اور کار کردگی کا جائزہ لینے کے لیے مرتب کیا جاتا ہے۔ تشکیلی جانچ کے بر عکس حتمی جانچ ایک ایسے پیمانے اور میز ان کا کام دیتی ہے جس سے اس بات کی صراحت ہو جاتی ہے کہ طلبہ نے کتنا اور کیا کچھ سیکھا ہے۔ حتمی جانچ کا انعقاد کسی سبق، نصاب یا تدریسی عمل کے اختتام پر کیا جاتا ہے۔ دوسرے الفاظ میں حتمی جانچ کا مقصد یہ دیکھنا ہوتا ہے کہ تدریسی مقاصد کا حصول کس حد تک ممکن ہو سکا ہے۔ حتمی جانچ کا بنیادی مقصد تعلیم و تعلم کی مجموعی کار کردگی کی پر کھ کرتے ہوئے اس کی سند (Certificate) کا اجرا ہوتا ہے۔ حتمی جانچ اکثر اوقات تحریری امتحانات کی شکل میں ہوتی ہے۔ اس جانچ کے ذریعے طلبہ کسی مخصوص مضمون میں یا تمام مضامین میں وقت کے مخصوص دورانیے عموماً سال کے آخر میں اپنی تعلیمی کار کردگی و صلاحیت کی بنیاد پر سند (Certificate) حاصل کرتے ہیں۔

حتمی جانچ طلبہ کی تدریجی کار کردگی، سند یافتگی یا تعلیم و تعلم کی مختلف سطحوں پر درجہ بندی کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ مزید یہ کہ حتمی جانچ کے نتائج کے اشاریوں سے ہمیں تدریسی حکمتِ عملی اور نصاب کے حوالے سے مفید معلومات حاصل ہوتی ہیں۔ حتمی جانچ کے نتائج کا تجزیہ کرنے سے ماہرینِ تعلیم کو مستقبل کے تدریسی عمل میں بہتری لانے کا موقع میسر آتا ہے جس سے وہ تعلیم و تعلم کی خوبیوں، خامیوں اور رجحانات کی نشاندہی کرتے ہیں۔

طلبہ کی مجموعی کار گردی کا جائزہ مہیا کرتے ہوئے حتمی جانچ تعلیم و تعلم میں ایک کلیدی کر دار ادا کرتی ہے جب کہ یہ اپنی اہمیت اور تعامل کے حوالے سے تشکیلی جانچ سے مختلف ہوتی ہے۔ تعلیمی کار کردگی کی جانچ کے حوالے سے حتمی جانچ ایک نہایت ضروری پیمانہ ہے۔ حتمی جانچ طلبہ کی کار کردگی میں مجموعی بہتری لانے میں بہت موئثر اور اہم کر دار ادا کرتی ہے۔

# تعظیمی عبارات کے حوالے سے اہم ہدایات

درس و تدریس اور امتحانی پرچہ جات کی تشکیل کے عمل کے دوران تعظیمی و تکریمی عبارات کے حوالے سے درج ذیل امور کا خیال رکھا جائے۔

1. خالقِ کائنات کے لیے اللہ تعالیٰ لکھا جائے۔
2. حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم پورا لکھا جائے۔
3. ''نبی کریم'' اور ''آپ'' کی صورت میں بھی خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم لکھا جائے۔
4. نبی کے نام کے ساتھ علیہ السلام لکھا جائے۔
5. صحابیٔ رسول کے نام کے ساتھ رضی اللہ تعالیٰ عنہ لکھا جائے۔
6. صحابیۂ رسول کے نام کے ساتھ رضی اللہ تعالیٰ عنہا لکھا جائے۔
7. بزرگ، ولی، محدث، فقیہ کے نام کے ساتھ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ لکھا جائے۔
8. رمضان کی جگہ رمضان المبارک لکھا جائے۔
9. مکہ کی جگہ مکہ مکرمہ لکھا جائے۔
10. مدینہ کی جگہ مدینہ منورہ لکھا جائے۔
11. قرآن کی جگہ قرآنِ مجید لکھا جائے۔
12. دیگر آسمانی کتب کے ساتھ مقدس لکھا جائے۔
13. حدیث کی جگہ حدیثِ مبارکہ لکھا جائے۔

# ہدایات برائے درس و تدریس اور جائزہ (امتحان)

1. Inclusive Scheme of Studies 2024 کے مطابق جماعت دوازدہم میں ترجمۂ قرآنِ مجید کا 50 نمبروں پر مشتمل امتحانی پرچہ لیا جائے گا۔ ترجمۂ قرآنِ مجید قومی نصاب 2022-23 کے دائرہ کار نمبر 1 (الف) میں شامل ہے۔

2. 2022-23 کے نصاب میں دائرہ کار نمبر 1 (الف) ترجمۂ قرآنِ مجید کے حاصلِ تعلم (Learning Outcome) اور اس کے ذیلی وقوفی (Cognitive) حاصلاتِ تعلم (Learning Outcomes) جو کہ **"علم"** کے عنوان کے تحت درج ہیں اور جن کا امتحان قلم اور کاغذ سے لیا جاسکتا ہے صرف وہ تکمیلی جائزے (Summative Assessment) یا بورڈ کے امتحان کا حصہ ہوں گے۔ مگر **"صلاحیت"** کے عنوان کے تحت درج، ذیلی حاصلاتِ تعلم جن کا قلم اور کاغذ کے ذریعہ سے امتحان ممکن نہیں ہے وہ تشکیلی جانچ (Formative Assessment) اور درس و تدریس کا حصہ تو ضرور ہوں گے تاہم تکمیلی جائزے (Summative Assessment) یا بورڈ کے امتحان کا حصہ نہیں ہوں گے۔

3. جماعت دوازدہم کے لیے **"علم"** کے عنوان کے تحت درج، ذیلی حاصلاتِ تعلم (Learning Outcomes) درج ذیل ہیں جو کہ تکمیلی جائزے (Summative Assessment) کا حصہ ہوں گے اور جن کو مدِ نظر رکھ کر شاملِ نصاب پندرہ (15) سورتیں پڑھانی ہیں۔

طلبہ شاملِ نصاب سورتوں کے ترجمے کی تکمیل کے بعد اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ :

- [SLO:I-12-A-01] مذکورہ سورتوں کا تعارف اور شانِ نزول سے واقف ہو سکیں۔
- [SLO:I-12-A-02] سورتوں کے منتخب الفاظ کے معانی سے آگاہ ہو سکیں۔
- [SLO:I-12-A-03] مذکورہ سورتوں کا بامحاورہ ترجمہ پڑھ کر سمجھ سکیں۔
- [SLO:I-12-A-04] سورتوں میں موجود تعلیمات کا فہم حاصل کر سکیں۔
- [SLO:I-12-A-05] سورتوں میں موجود تعلیمات پر عمل کرنے کے دنیوی و اخروی فوائد و ثمرات اور عمل سے گریز کے نقصانات کا جائزہ لے سکیں۔

4. 2022-23 کے قومی نصاب کے مطابق جماعت دوازدہم کا ترجمۂ قرآنِ مجید کا نصاب درج ذیل سترہ (17) سورتوں پہ مشتمل ہے۔

# ترجمۂ قرآنِ مجید میں شاملِ نصاب سورتیں

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 01 | سُوْرَةُ النِّسَآءِ | 02 | سُوْرَةُ المَآئِدَة | 03 | سُوْرَةُ النُّور |
| 04 | سُوْرَةُ الاَحزَاب | 05 | سُوْرَةُ مُحَمَّد | 06 | سُوْرَةُ الفَتح |
| 07 | سُوْرَةُ الحُجُرَات | 08 | سُوْرَةُ الحَدِيد | 09 | سُوْرَةُ المُجَادَلَہ |
| 10 | سُوْرَةُ الحَشرِ | 11 | سُوْرَةُ المُمتَحِنَة | 12 | سُوْرَةُ الصَّف |
| 13 | سُوْرَةُ الجُمُعة | 14 | سُوْرَةُ المُنٰفِقُون | 15 | سُوْرَةُ التَّغَابُن |
| 16 | سُوْرَةُ الطَّلَاق | 17 | سُوْرَةُ التّحريم | | |

# ہدایات برائے پرچہ ترجمۂ قرآنِ مجید

1. شاملِ نصاب سورتوں کا شانِ نزول اور تعارف کلاس میں پڑھایا جائے گا اور امتحان میں ذیلی حاصلِ تعلم نمبر SLO-I-12-A-01 کے مطابق کثیر الانتخابی سوالات (MCQs) اور مختصر جواب والے سوالات (SRQs) دیے جائیں گے۔

2. ذیلی حاصلِ تعلم نمبر SLO-I-12-A-02 کے مطابق منتخب کردہ اسی (80) الفاظ اور اُن کے معانی بطورِ ضمیمہ دیے جا رہے ہیں جن میں سے کثیر الانتخابی سوالات (MCQs) اور مختصر جواب والے سوالات (SRQs) پرچے کا حصہ ہوں گے۔

3. شاملِ نصاب تمام سورتوں میں سے ذیلی حاصلِ تعلّم نمبر SLO-I-12-A-03 کے مطابق آیات اور ان کے بامحاورہ ترجمہ پر مبنی تفہیمی نوعیت کے سوالات پرچے میں پوچھے جائیں گے۔

4. ذیلی حاصلِ تعلم نمبر SLO-I-12-A-04 کے مطابق شاملِ نصاب سورتوں میں موجود تعلیمات پر مبنی منتخب مضامین کا ضمیمہ تیار کیا گیا ہے جس میں سے مفصل جواب والے سوالات (ERQs) امتحان میں پوچھے جائیں گے۔ منتخب مضامین کا ضمیمہ اسیسمنٹ فریم ورک کا حصہ ہے۔ چونکہ ذیلی حاصل تعلّم نمبر [SLO:I-12-A-05] بھی سورتوں میں موجود تعلیمات سے متعلق ہے لہٰذا ان دونوں ذیلی حاصلاتِ تعلّم کی درس و تدریس اور امتحان ایک ہی نقطہ نظر سے ہوں گے۔

## شاملِ نصاب سورتوں کے منتخب الفاظ کا ضمیمہ اوران کے معانی

جماعت دوازدہم کے لیے مختص سترہ(17)سورتوں میں سے منتخب کردہ درج ذیل اسی(80)الفاظ اوران کے معانی شاملِ نصاب ہوں گے۔

| نام سورت | نمبر شمار | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| 01 سُورَۃُ النِّسَآء | 1 | النِّسَاءَ | عورتیں |
| | 2 | الاَرحَامِ | رشتے ناطے |
| | 3 | السُّفَهَاءَ | ناسمجھ |
| | 4 | اَلْمُحْصَنٰتُ | وہ عورتیں جو کسی کے نکاح میں ہوں / آزاد عورتیں / پاک دامن عورتیں |
| | 5 | جُنَاحٌ | گناہ |
| | 6 | اَلْجَارِ | پڑوسی |
| | 7 | يَكْتُمُوْنَ | چھپائیں گے |
| | 8 | يَوَدُّ | آرزو کرے گا |
| | 9 | أُولِي الْأَمْرِ | صاحب اختیار |
| | 10 | مَطَرٌ | بارش |
| | 11 | الْأَسْبَاطِ | اولاد |
| 02 سُورَۃُ المَآئِدَة | 12 | شَعَآئِرِ اللهِ | اللہ تعالیٰ کی نشانیاں |
| | 13 | الْعُدْوَانِ | زیادتی |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ہم نے فرض کر دیا | كَتَبْنَا | 14 | |
| حرام خوری | السُّحْتَ | 15 | |
| نگران | مُهَيْمِنًا | 16 | |
| پڑھے جائیں گے | يُتْلٰى | 17 | |
| میں نے مکمل کر دیا | أَكْمَلْتُ | 18 | |
| وہ بدل دیتے ہیں | يُحَرِّفُوْنَ | 19 | |
| تم نصیحت حاصل کرتے ہو | تَذَكَّرُوْنَ | 20 | 03 سورة النُّور |
| تاکہ تم حاصل کرو | لِتَبْتَغُوْا | 21 | |
| تہمت لگاتے ہیں | يَرْمُوْنَ | 22 | |
| نصیحت | مَوْعِظَةٌ | 23 | |
| واضح کرنے والی | مُبَيِّنٰتٍ | 24 | |
| پاک کر (فرما) دیتا ہے | يُزَكِّى | 25 | |
| کیا تو نے نہیں دیکھا | أَلَمْ تَرَ | 26 | |
| پیروی نہ کرو | لَا تَتَّبِعُوا | 27 | |
| منہ بولے بیٹے | أَدْعِيَاءَ | 28 | 04 سُوْرَةُ الأَحزَاب |
| لشکر | الْأَحْزَابِ | 29 | |
| بہترین نمونہ | أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ | 30 | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | 31 | أَخَذْنَا | ہم نے لیا |
| | 32 | صَلُّوا | دُرُود بھیجو |
| | 33 | لَنْ تَجِدَ | آپ ہر گز نہیں پائیں گے |
| 05<br>سُوْرَةُ مُحَمَّد | 34 | الْحَرْبُ | لڑائی |
| | 35 | السَّاعَةُ | قیامت |
| | 36 | قَرْيَةٍ | بستی |
| | 37 | لَنَبْلُوَنَّكُمْ | ہم تمہیں ضرور آزمائیں گے |
| | 38 | يُبَايِعُونَ | وہ بیعت کرتے ہیں |
| | 39 | أَرْسَلْنَاكَ | ہم نے آپ کو بھیجا ہے |
| | 40 | تَحْتَ الشَّجَرَةِ | درخت تلے |
| | 41 | الْأَدْبَارَ | پیٹھ |
| 07<br>سُوْرَةُ الحُجُرَات | 42 | أُولَٰئِكَ | یہ لوگ ہیں |
| | 43 | الَّذِيْنَ | وہی جن کے |
| | 44 | لَا تُقَدِّمُوْا | آگے نہ بڑھو |
| | 45 | إِخْوَةٌ | (آپس میں) بھائی بھائی ؟ |
| 08<br>سُوْرَةُ الحَدِيد | 46 | سَبَّحَ | تسبیح کی |
| | 47 | قَفَّيْنَا | ہم نے (ان کے) بعد بھیجا |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | |
| وہ تیار کی گئی ہے | أُعِدَّتْ | 48 | |
| تلقین کرتے ہیں | يَأْمُرُونَ | 49 | |
| دھوکہ کا سامان | مَتَاعُ الْغُرُورِ | 50 | |
| بدترین ٹھکانا | بِئْسَ الْمَصِيرُ | 51 | |
| مخالفت کرتے ہیں | يُحَادُّونَ | 52 | 09 سُوْرَۃُ المُجَادَلَۃ |
| سرگوشی | النَّجْوَى | 53 | |
| دوبارہ وہی کرتے ہیں | يَعُودُونَ | 54 | |
| انہوں نے بنالیا ہے | اِتَّخَذُوا | 55 | |
| ہرگز کام نہیں آئے گا | لَنْ تُغْنِيَ | 56 | |
| وہ (انہیں) اپنے اوپر ترجیح دیتے ہیں | يُؤْثِرُونَ | 57 | 10 سُوْرَۃُالحَشرِ |
| وہ کہتے ہیں | يَقُولُونَ | 58 | |
| ڈرو | اتَّقُوا | 59 | |
| نہ ہو جاؤ | لَا تَكُونُوا | 60 | |
| تو یقیناً وہ بھٹک گیا | فَقَدْ ضَلَّ | 61 | 11 سُورَۃُ المُمتَحِنَۃ |
| راہِ راست | سَوَاءِ السَّبِيلِ | 62 | |
| ہمارے اور تمہارے درمیان | بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ | 63 | |
| سیسہ پلائی ہوئی دیوار | بُنْيَانٌ مَّرْصُوصٌ | 64 | 12 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اور بڑا ظالم کون ہو گا | وَمَنْ أَظْلَمُ | 65 | سُوْرَةُ الصَّف |
| کہ بجھا دیں | لِيُطْفِئُوا | 66 | |
| پاکیزگی بیان کرتا ہے | يُسَبِّحُ | 67 | 13 سُوْرَةُ الجُمُعَة |
| اس نے بھیجا | بَعَثَ | 68 | |
| تم لوٹائے جاؤ گے | تُرَدُّوْنَ | 69 | |
| ہم گواہی دیتے ہیں | نَشْهَدُ | 70 | 14 سُوْرَةُ المُنٰفِقون |
| وہ بھٹکتے پھرتے ہیں | يُؤْفَكُونَ | 71 | |
| اور جب ان سے کہا جاتا ہے | إِذَا قِيلَ لَهُمْ | 72 | |
| آؤ | تَعَالَوْا | 73 | |
| جمع ہونا | التَّغَابُن | 74 | 15 سُوْرَةُ التَّغَابُن |
| پھر اگر تم نے منہ پھیرا | فَإِن تَوَلَّيْتُمْ | 75 | |
| نصیحت کی جاتی ہے | يُوْعَظُ | 76 | 16 سورةُ الطَّلَاق |
| پہنچنے لگیں | بَلَغْنَ | 77 | |
| اور عدت کو شمار کرو | وَأَحْصُوا الْعِدَّةَ | 78 | |
| آپ کیوں حرام ٹھہراتے ہیں | لِمَ تُحَرِّمُ | 79 | 17 سُوْرَةُ التَّحرِيم |
| وہ نافرمانی نہیں کرتے | لَا يَعْصُوْنَ | 80 | |

# شاملِ نصاب سورتوں میں موجود منتخب مضامین کا ضمیمہ

جماعت دوازدہم کے لیے مختص سورتوں میں موجود تعلیمات پر مبنی درج ذیل مضامین شاملِ نصاب ہوں گے۔

## سورۃ النسآء کے منتخب مضامین

1. یتیموں اور بیواؤں کے حقوق اور ان کے اموال کی حفاظت۔
2. وراثت کے متعلق احکام و مسائل۔
3. عائلی زندگی سے متعلقہ احکام۔
4. ریاست و حکومت سے متعلق احکام و مسائل۔

## سورۃ المائدۃ کے منتخب مضامین

5. سورۃ المائدۃ میں مذکور حدود و قصاص اور ان کی حکمتیں ۔
6. اہل کتاب میں پائی جانے والی فکری، اخلاقی اور معاشرتی خرابیاں اور ان کے عواقب و نتائج۔

## سورۃ النور کے منتخب مضامین

7. زنا، قذف اور لعان کے احکام و مسائل۔
8. واقعہ افک
9. ہدایاتِ پردہ اور استیئذان سے متعلق احکام۔

## سورۃ الاحزاب کے منتخب مضامین

10. غزوہ احزاب اور غزوہ بنو قریظہ 5ہجری ۔
11. متبنیٰ سے متعلق جاہلی روایات اور احکام و مسائل ۔

12. عقیدہ ختم نبوت اور نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی خصوصیات ۔

13. ازواج مطہرات کے آداب۔

## سورۃ محمد کے منتخب مضامین

14. جنگ و صلح اور قیدیوں سے متعلق تعلیمات۔

## سورۃ الفتح کے منتخب مضامین

15. اصحاب رسول اسلام صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے فضائل و مناقب۔

## سورۃ الحجرات کے منتخب مضامین

16. استحکام معاشرہ سے متعلق اخلاق و آداب۔

## سورۃ الحدید کے منتخب مضامین

17. عالمِ آخرت میں نور و ظلمت کے اسباب۔

## سورۃ المجادلۃ کے منتخب مضامین

18. ظہار معنی، مفہوم اور احکام و مسائل۔

19. آداب مجلس اور اس کی حکمتیں۔

## سورۃ الحشر کے منتخب مضامین

20. مال فئے سے متعلق احکام و مسائل۔

## سورۃ الممتحنۃ کے منتخب مضامین

21. مسلمانوں اور غیر مسلموں کے باہمی تعلقات کے اصول و آداب۔

## سورۃ الصّف کے منتخب مضامین

22. غلبہ دین کے لیے جدوجہد کی اہمیت و فضیلت اور اس کا طریقہ کار۔

## سورۃ الجمعۃ کے منتخب مضامین

23. نماز جمعہ کے آداب و احکام۔

## سورۃ المنافقون کے منتخب مضامین

24. منافقین، تعریف، علامات و کردار اور مذمت۔

## سورۃ التّغابن کے منتخب مضامین

25. اہل ایمان کے لیے فکری اور عملی ہدایات۔

## سورۃ الطّلاق کے منتخب مضامین

26. طلاق کے احکام و مسائل اور ان پر عمل کے فوائد و ثمرات۔

## سورۃ التّحریم کے منتخب مضامین

27. سورۃ میں مذکور تعلیمات و واقعات کی روشنی میں مسلمان خواتین کے لیے عبر و نصائح۔

# پرچہ ترجمۂ قرآنِ مجید کا خاکہ

**حصہ اول۔ معروضی سوالات (MCQs) (10 نمبر)**

- شاملِ نصاب سترہ (17) سورتوں کے تعارف اور شانِ نزول پر مبنی آٹھ معروضی سوالات (MCQs) حصہ اول میں شامل ہوں گے۔ (1x8=8)
- جماعت دوازدہم کے لیے مختص سورتوں میں سے منتخب کردہ اسی (80) الفاظ پر مبنی دو معروضی سوالات (MCQs) حصہ اول میں شامل ہوں گے۔ (1x2=2)

**حصہ دوم۔ مختصر جواب والے سوالات (SRQs) (24 نمبر)**

**(الف):** شاملِ نصاب سورتوں کے تعارف اور شانِ نزول پر مبنی پانچ مختصر جواب والے سوالات (SRQs) حصہ دوم میں پوچھے جائیں گے۔ ہر سوال دو نمبروں پر مشتمل ہو گا۔ (5x2=10)

**(ب):** شاملِ نصاب سورتوں میں سے منتخب کردہ اسی (80) الفاظ پر مبنی پانچ الفاظ کے معانی حصہ دوم میں پوچھے جائیں گے۔ (1x5=5)

**(ج):** شاملِ نصاب سورتوں کی آیات اور ان کے ترجمہ کے مفہوم پر مبنی تین تین نمبر کے تین سوالات حصہ دوم میں دیے جائیں گے۔ (3x3=9)

**حصہ سوم۔ تفصیلی جواب والے سوالات (ERQs) (16 نمبر)**

شاملِ نصاب سورتوں میں موجود تعلیمات پر مبنی منتخب مضامین میں سے دو تفصیلی سوالات حصہ سوم میں دیے جائیں گے۔ ہر سوال کے آٹھ (8) نمبر ہوں گے۔ (8x2=16)

ماڈل پیپر ترجمۂ قرآنِ مجید ایچ ایس ایس سی - II (برائے سیشن 27-2026 ومابعد)

(Inclusive Scheme of Studies 2024)　　　　قومی نصاب 23-2022

| ROLL NUMBER | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |
| ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ |
| ① | ① | ① | ① | ① | ① |
| ② | ② | ② | ② | ② | ② |
| ③ | ③ | ③ | ③ | ③ | ③ |
| ④ | ④ | ④ | ④ | ④ | ④ |
| ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ |
| ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ |
| ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ |
| ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ |
| ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ |

| Version No. | | | |
|---|---|---|---|
| | | | |
| ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ |
| ① | ① | ① | ① |
| ② | ② | ② | ② |
| ③ | ③ | ③ | ③ |
| ④ | ④ | ④ | ④ |
| ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ |
| ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ |
| ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ |
| ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ |
| ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ |

وقت 2:30 گھنٹے

کل نمبر 50

حصہ اول (کل نمبر 10)

وقت: 15 منٹ

Section – A is compulsory. All parts of this section is to be answered on this page and handed over to the Centre Superintendent. Deleting/overwriting is not allowed. *Do not use lead pencil*.

حصہ اول لازمی ہے اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کر دیں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر 1: ہر سوال کے سامنے دیے گئے درست جواب کے لیے متعلقہ دائرہ پر کریں۔**　　**(10x1=10)**

| نمبر شمار | سوالات | الف | ب | ج | د | الف | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| i. | الْمُحْصَنٰتُ کے معنی ہیں: | علم حاصل کرنے والی عورتیں | پاک دامن عورتیں | سفر کرنے والی عورتیں | تجارت کرنے والی عورتیں | ○ | ○ | ○ | ○ |
| ii. | اَکْمَلْتُ کے معنی ہیں: | میں نے مکمل کیا | میں نے پسند کیا | میں نے آسان کر دیا | میں نے نازل کیا | ○ | ○ | ○ | ○ |
| iii. | سورۃ النساء کا بنیادی موضوع ہے: | عدل وانصاف قائم کرنے کا | سود نہ لینے کا | زکوٰۃ دینے کا | جھوٹ نہ بولنے کا | ○ | ○ | ○ | ○ |
| iv. | آج میں نے تمہارے لیے تمہارا دین مکمل کر دیا" والی آیت اس سورۃ میں ہے۔ | البقرہ | المائدۃ | یوسف | مریم | ○ | ○ | ○ | ○ |
| v. | سورۃ الحجرات کے مطابق اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ عزت والا یہ ہے: | امیر شخص | طاقتور شخص | متقی شخص | عمر رسیدہ شخص | ○ | ○ | ○ | ○ |
| vi. | آیت النور میں اللہ تعالیٰ کے نور کی مثال اس سے دی گئی ہے: | دریا | سورج | پہاڑ | طاق میں رکھے چراغ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| vii. | سورۃ الحجرات میں اس قسم کی برائیوں سے روکا گیا ہے۔ | اخلاقی | تجارتی | سیاسی | معاملاتی | ○ | ○ | ○ | ○ |
| viii. | سورۃ التحریم میں ان دو خواتین کی مثال ایمان والوں کے لیے بیان ہوئی: | حضرت سارہ اور حضرت ہاجرہ علیہا السّلام | حضرت مریم اور فرعون کی بیوی حضرت آسیہ علیہا السّلام | حضرت خدیجہ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہما | حضرت حفصہ اور حضرت زینب رضی اللہ عنہما | ○ | ○ | ○ | ○ |
| ix. | سورۃ الاحزاب میں نبی کریم ﷺ کو قرار دیا گیا ہے: | بادشاہ | قاضی | خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا | سپہ سالار | ○ | ○ | ○ | ○ |
| x. | سورۃ الفتح اس واقعہ کے بعد نازل ہوئی۔ | غزوۂ بدر | فتح مکہ | غزوۂ اُحد | صلح حدیبیہ | ○ | ○ | ○ | ○ |

## درست جوابات

(i)ب　(ii) الف　(iii) الف　(iv)ب　(v) ج　(vi) د　(vii) الف　(viii) ب　(ix)ج　(x)د

**ماڈل پیپر ترجمۂ قرآنِ مجید ایچ ایس ایس سی- II (برائے سیشن 27-2026 ومابعد)**

**قومی نصاب 23-2022 (Inclusive Scheme of Studies 2024)**

**وقت 2:15 گھنٹے** **کل نمبر 40**

---

**نوٹ: حصہ دوم اور حصہ سوم میں دی گئی ہدایات کے مطابق سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی (E-Sheet) پر دیں۔ جوابات مختص کردہ جگہ پر تحریر کریں۔**

## حصہ دوم (کل نمبر 24)

**سوال نمبر 2۔ (الف) درج ذیل تمام سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ ہر سوال کے نمبر برابر ہیں۔**

**(5x2=10)**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| i. | سورۃ النّسآء کی روشنی میں عورتوں کے کوئی سے دو حقوق تحریر کریں۔ | 2 | یا | سورۃ مآئدۃ میں کن جانوروں کا گوشت کھانا حرام قرار دیا گیا ہے؟ | 2 |
| ii. | سورۃ نور میں بیان کیے گئے معاشرتی آداب و احکام میں سے کوئی دو لکھیں۔ | 2 | یا | سورۃ الاحزاب کا تعارف تحریر کریں۔ | 2 |
| iii. | سورۃ محمد میں کفار کے اعمال کے ضائع ہونے کی کیا وجہ بیان ہوئی ہے؟ | 2 | یا | سورۃ الحجرات کی روشنی میں دو معاشرتی آداب تحریر کریں۔ | 2 |
| iv. | سورۃ الحدید میں مذکور اللہ تعالیٰ کی قدرتِ کاملہ کی کوئی سے دو دلائل لکھیں۔ | 2 | یا | سورۃ المجادلۃ کی روشنی میں مجلس کے دو آداب تحریر کریں۔ | 2 |
| v. | سورۃ الصّف کی روشنی میں کامیاب ٹیم ورک کا کیا اصول بیان کیا گیا ہے؟ | 2 | یا | سورۃ الممتحنۃ کی روشنی میں قومی سلامتی بمقابلہ خاندانی محبت پر نوٹ لکھیں۔ | 2 |

**(ب)۔ درج ذیل الفاظ کے معانی تحریر کریں۔** **(5x1= 5)**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| i- يُبٰيِعُوْنَ | ii- النَّجْوٰى | iii- لَا يَعْصُوْنَ | iv- فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ | v- صَلُّوْا |

**(ج)۔ درج ذیل آیات اور ان کا ترجمہ پڑھیں اور دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کریں۔** **(3x3=9)**

| | | |
|---|---|---|
| i | لَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَيِّنٰتِ وَ اَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتٰبَ وَ الْمِيْزَانَ لِيَقُوْمَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ- وَ اَنْزَلْنَا الْحَدِيْدَ فِيْهِ بَاْسٌ شَدِيْدٌ وَّ مَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَ لِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ وَ رُسُلَهٗ بِالْغَيْبِ-اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ (لحديد 25 )<br>حقیقت یہ ہے کہ ہم نے اپنے پیغمبروں کو کھلی ہوئی نشانیاں دے کر بھیجا- اور ان کے ساتھ کتاب بھی اتاری- اور ترازو بھی- تاکہ لوگ انصاف پر قائم رہیں- اور ہم نے لوہا اتارا جس میں جنگی طاقت بھی ہے- اور لوگوں کے لیے دوسرے فائدے بھی- اور یہ اس لیے تاکہ اللہ جان لے کے کون ہے جو اس کو دیکھے بغیر اس (کے دین) کی اور اس کے پیغمبروں کی مدد کرتا ہے- یقین رکھو کہ اللہ بڑی قوت کا- بڑے اقتدار کا مالک ہے- | اس آیت مبارکہ کے مطابق:<br>الف۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسولوں کو کن دو اہم چیزوں کے ساتھ بھیجا؟ (1)<br>ب- آیت کے آخر میں اللہ تعالیٰ کی کن صفات کا ذکر کیا گیا ہے- (2) |

یا

| | | |
|---|---|---|
| i | يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ-اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ(1 ) يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَ لَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ وَ اَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ۔ (الحجرات۔2،1)<br>اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول کے آگے نہ بڑھا کرو- اور اللہ سے ڈرتے رہو- اللہ یقینا سب کچھ سنتا سب کچھ جانتا ہے (1) اے ایمان والو! اپنی آواز نبی کی آواز سے بلند مت کیا کرو- اور نہ ان سے بات کرتے ہوئے اس طرح زور سے بولا کرو جیسے تم ایک دوسرے سے زور سے بولتے ہو- کہیں ایسا نہ ہو کہ تمہارے اعمال برباد ہو جائیں- اور تمہیں پتہ بھی نہ چلے- (2) | اس آیت مبارکہ کے مطابق:<br>الف۔ اس آیت میں اللہ کی کون سی صفات بیان کی گئی ہیں؟ (1)<br>ب۔ رسول اللہؐ سے بات کرتے وقت ہمیں کون سا ادب اختیار کرنا چاہیے؟ (1)<br>ج۔ بلند آواز میں بات کرنے سے کیا نقصان ہو سکتا ہے؟ (1) |

| | | |
|---|---|---|
| ii | لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ وَّ لَا عَلَى الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّ لَا عَلَى الْمَرِيْضِ حَرَجٌ-وَ مَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ-وَ مَنْ يَّتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ عَذَابًا اَلِيْمًا - (الفتح17)<br>اندھے آدمی پر (جہاد نہ کرنے کا) کوئی گناہ نہیں ہے-نہ لنگڑے آدمی پر کوئی گناہ ہے-اور نہ بیمار آدمی پر گناہ ہے-اور جو شخص بھی اللہ اور اس کے رسول کا کہنا مانے اللہ اس کو ایسی جنتوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی اور جو کوئی منہ موڑے گا اسے دردناک عذاب دے گا- | اس آیت مبارکہ کے مطابق:<br>الف۔ کن لوگوں پر جہاد میں شریک نہ ہونے کی صورت میں کوئی گناہ نہیں؟(1)<br>ب- اس آیت میں اطاعتِ الٰہی اور اطاعتِ رسول کا کیا اجر بتایا گیا ہے؟(1)<br>ج۔ جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت نہیں کرتے، ان کے لیے کیا وعید بیان ہوئی ہے؟(1) |

**یا**

| | | |
|---|---|---|
| ii | اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ-وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَتَمَتَّعُوْنَ وَ يَاْكُلُوْنَ كَمَا تَاْكُلُ الْاَنْعَامُ وَ النَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ- (محمد-12)<br>یقین رکھو کہ جو لوگ ایمان لائے ہیں اور انہوں نے نیک عمل کیے ہیں اللہ ان کو ایسے باغات میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی اور جنہوں نے کفر اپنا لیا ہے وہ یہاں تو مزے اڑا رہے ہیں اور اس طرح کھا رہے ہیں جیسے چوپائے کھاتے ہیں اور جہنم ان کا آخری ٹھکانہ ہے- | اس آیتِ مبارکہ میں:<br>الف۔ جنتوں کی کیا خصوصیت بیان کی گئی ہے؟(1)<br>ب۔ کافر دنیا میں کس طرح فائدہ اٹھاتے ہیں؟(1)<br>ج۔ کافروں کا آخری ٹھکانہ کیا بتایا گیا ہے؟(1) |
| iii | يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ لِلّٰهِ شُهَدَآءَ بِالْقِسْطِ-وَ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰۤى اَلَّا تَعْدِلُوْا-اِعْدِلُوْا هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى-وَ اتَّقُوا اللّٰهَ-اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ-(المآئدۃ-8)<br>اے ایمان والو! ایسے بن جاؤ کہ اللہ (کے احکام کی پابندی) کے لیے ہر وقت تیار ہو، (اور) انصاف کی گواہی دینے والے ہو-اور کسی قوم کی دشمنی تمہیں اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ تم نہ انصافی کرو-انصاف سے کام لو یہی طریقہ تقوی سے قریب تر ہے-اور اللہ سے ڈرتے رہو-اللہ یقینا تمہارے تمام کاموں سے پوری طرح باخبر ہے- | اس آیتِ مبارکہ کے مطابق:<br>الف۔ اس آیت میں ایمان والوں کو کس بات پر مضبوطی سے قائم رہنے کا حکم دیا گیا ہے؟(1)<br>ب- اگر کسی قوم سے دشمنی ہو تو ہمیں کیا نہیں کرنا چاہیے؟(01)<br>ج۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک تقویٰ (پرہیزگاری) کس چیز کے قریب ہے؟(1) |

**یا**

| | | |
|---|---|---|
| iii | اِنَّ الَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْيَتٰمٰى ظُلْمًا اِنَّمَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ نَارًا-وَ سَيَصْلَوْنَ سَعِيْرًا (النّسآء-10)<br>یقین رکھو کہ جو لوگ یتیموں کا مال ناحق کھاتے ہیں وہ اپنے پیٹ میں آگ بھر رہے ہیں اور انہیں جلد ہی ایک دہکتی آگ میں داخل ہونا ہوگا- | الف۔ جو لوگ یتیموں کا مال ناحق کھاتے ہیں وہ اصل میں کیا کھاتے ہیں؟(2)<br>ب- ایسے لوگوں کے لیے آخرت میں کیا سزا بیان ہوئی ہے؟(1) |

## حصہ سوم (کل نمبر16)

**نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ تمام سوالات کے نمبر برابر ہیں۔** **(8× 2 = 16)**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| **سوال نمبر3** | سورۃ النّسآء میں بیان کیے گئے قتل کی اقسام اور ان کے احکام تحریر کریں۔ | 4+4 | یا | سورۃ المنافقون کی روشنی میں منافقین کا تعارف، علامات و کردار اور مذمت پر نوٹ لکھیں۔ | 4+2+2 |
| **سوال نمبر4** | سورہ المآئدۃ کی روشنی میں اہل کتاب میں پائی جانے والی فکری، اخلاقی اور معاشرتی خرابیاں اور ان کے عواقب و نتائج تحریر کریں۔ | 4+4 | یا | سورۃ الممتحنۃ کی روشنی میں دورِ حاضر میں مسلمانوں اور غیر مسلموں کے باہمی تعلقات کے اصول و آداب لکھیں۔ | 4+4 |

حصہ اول

## Alignment of Questions of Model Question Paper with SLOs (MCQs)

| Q. No.1 | دائرہ کار کا ذیلی عنوان (سورت کا نام) | حاصلِ تعلم (SLO STATEMENT) | SLOs CODE |
|---|---|---|---|
| i | النّسآء | سورتوں کے منتخب الفاظ کے معانی سے آگاہ ہو سکیں۔ | [SLO:I-12-A-02] |
| ii | المآئدۃ | سورتوں کے منتخب الفاظ کے معانی سے آگاہ ہو سکیں۔ | [SLO:I-12-A-02] |
| iii | النّسآء | مذکورہ سورتوں کا تعارف اور شانِ نزول سے واقف ہو سکیں۔ | [SLO:I-12-A-01] |
| iv | المآئدۃ | مذکورہ سورتوں کا تعارف اور شانِ نزول سے واقف ہو سکیں۔ | [SLO:I-12-A-01] |
| v | الحجرات | مذکورہ سورتوں کا تعارف اور شانِ نزول سے واقف ہو سکیں۔ | [SLO:I-12-A-01] |
| vi | النّور | مذکورہ سورتوں کا تعارف اور شانِ نزول سے واقف ہو سکیں۔ | [SLO:I-12-A-01] |
| vii | الحجرات | مذکورہ سورتوں کا تعارف اور شانِ نزول سے واقف ہو سکیں۔ | [SLO:I-12-A-01] |
| viii | التّحریم | مذکورہ سورتوں کا تعارف اور شانِ نزول سے واقف ہو سکیں۔ | [SLO:I-12-A-01] |
| ix | الاحزاب | مذکورہ سورتوں کا تعارف اور شانِ نزول سے واقف ہو سکیں۔ | [SLO:I-12-A-01] |

| | | | |
|---|---|---|---|
| x | الفتح | مذکورہ سورتوں کا تعارف اور شانِ نزول سے واقف ہو سکیں۔ | [SLO:I-12-A-01] |

## حصہ دوم

### Alignment of Questions of Model Question Paper with SLOs (SRQs)

| Q. No.2الف | دائرہ کار کا ذیلی عنوان(سورت کا نام) | حاصلِ تعلم(SLO STATEMENT) | SLOs CODE |
|---|---|---|---|
| i | النّسآء | مذکورہ سورتوں کا تعارف اور شانِ نزول سے واقف ہو سکیں۔ | [SLO:I-12-A-01] |
| | یا | | |
| | المآئدۃ | مذکورہ سورتوں کا تعارف اور شانِ نزول سے واقف ہو سکیں۔ | [SLO:I-12-A-01] |
| ii | النّور | مذکورہ سورتوں کا تعارف اور شانِ نزول سے واقف ہو سکیں۔ | [SLO:I-12-A-01] |
| | یا | | |
| | الاحزاب | مذکورہ سورتوں کا تعارف اور شانِ نزول سے واقف ہو سکیں۔ | [SLO:I-12-A-01] |
| iii | محمد | مذکورہ سورتوں کا تعارف اور شانِ نزول سے واقف ہو سکیں۔ | [SLO:I-12-A-01] |
| | یا | | |
| | الحجرات | مذکورہ سورتوں کا تعارف اور شانِ نزول سے واقف ہو سکیں۔ | [SLO:I-12-A-01] |
| iv | الحدید | مذکورہ سورتوں کا تعارف اور شانِ نزول سے واقف ہو سکیں۔ | [SLO:I-12-A-01] |
| | یا | | |
| | المجادلۃ | مذکورہ سورتوں کا تعارف اور شانِ نزول سے واقف ہو سکیں۔ | [SLO:I-12-A-01] |
| v | الصّف | مذکورہ سورتوں کا تعارف اور شانِ نزول سے واقف ہو سکیں۔ | [SLO:I-12-A-01] |
| | یا | | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | الممتحنة | مذکورہ سورتوں کا تعارف اور شانِ نزول سے واقف ہو سکیں۔ | [SLO:I-12-A-01] |
| Q.NO.2 (ب) | | سورتوں کے منتخب الفاظ کے معانی سے آگاہ ہو سکیں۔ | [SLO:I-12-A-02] |
| Q.NO.2 (ج)i. | الحدید | مذکورہ سورتوں کا بامحاورہ ترجمہ پڑھ کر سمجھ سکیں۔ | [SLO:I-12-A-03] |
| | یا | | |
| | الحجرات | مذکورہ سورتوں کا بامحاورہ ترجمہ پڑھ کر سمجھ سکیں۔ | [SLO:I-12-A-03] |
| Q.NO.2 (ج)ii. | الفتح | مذکورہ سورتوں کا بامحاورہ ترجمہ پڑھ کر سمجھ سکیں۔ | [SLO:I-12-A-03] |
| | یا | | |
| | محمد | مذکورہ سورتوں کا بامحاورہ ترجمہ پڑھ کر سمجھ سکیں۔ | [SLO:I-12-A-03] |
| Q.NO.2 (ج)iii. | المآئدة | مذکورہ سورتوں کا بامحاورہ ترجمہ پڑھ کر سمجھ سکیں۔ | [SLO:I-12-A-03] |
| | یا | | |
| | النّسآء | مذکورہ سورتوں کا بامحاورہ ترجمہ پڑھ کر سمجھ سکیں۔ | [SLO:I-12-A-03] |

حصہ سوم

## Alignment of Questions of Model Question Paper with SLOs (ERQs)

| Q. No. | دائرہ کار کا ذیلی عنوان (سورت کا نام) | (SLO STATEMENT) حاصلِ تعلم | SLOs CODE |
|---|---|---|---|
| 3 | النّسآء | سورتوں میں موجود تعلیمات کا فہم حاصل کر سکیں۔ | [SLO:I-12-A-04] |
| | یا | | |
| | المنٰفقون | سورتوں میں موجود تعلیمات کا فہم حاصل کر سکیں۔ | [SLO:I-12-A-04] |
| 4 | المآئدۃ | سورتوں میں موجود تعلیمات کا فہم حاصل کر سکیں۔ | [SLO:I-12-A-04] |
| | یا | | |
| | الممتحنۃ | سورتوں میں موجود تعلیمات کا فہم حاصل کر سکیں۔ | [SLO:I-12-A-04] |

# Table of Specification (ToS)
## Model Question paper Tarjuma Quran- Grade XII (HSSC-II)

| فی صد | کل نمبر | [SLO:I-12-A-04]<br>سورتوں میں موجود تعلیمات کا فہم حاصل کر سکیں۔ | [SLO:I-12-A-03]<br>مذکورہ سورتوں کا بامحاورہ ترجمہ پڑھ کر سمجھ سکیں۔ | [SLO:I-12-A-02]<br>سورتوں کے منتخب الفاظ کے معانی سے آگاہ ہو سکیں۔ | [SLO:I-12-A-01]<br>مذکورہ سورتوں کا تعارف اور شانِ نزول سے واقف ہو سکیں۔ | مہارت<br>وقوفی سطح |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 28 | 24 | | | Q.1(i) 1<br>Q.1 (ii) 1<br>Q.2ب(i-----v) 5 | Q.1(iii) 1, Q.1(iv) 1 , Q.1(v)1<br>Q.1(viii)1, Q.1(ix)1, Q.1(x) 1<br>Q.2الف(I,/f) 2 , Q.2الف(i/s) 2<br>Q.2الف(ii/f) 2, Q.الف(ii/s) 2 | جاننا |
| 48 | 41 | Q.3/f=4<br>Q.3/s=4<br>Q.4/f=4<br>Q.4/s=4 | Q.2 ج(i/f)3, Q.2ج(i)3<br>Q.2ج (ii/f) 3, Q.2ج(ii/s)3<br>Q.2ج (iii/f)3,<br>Q.2ج (iii/s)3 | | Q.1(vi) 1<br>Q.1(vii)1<br>Q.2الف(iii/f) 2, Q.2الف(iii/s)2<br>Q.2الف(iv/f) 2, Q.2الف(iv/s) 2 | سمجھنا |
| 23 | 20 | Q.3 /f=4, Q.3/s=4<br>Q.4/f=4, Q.4/s=4 | | | Q.2الف(v/f)2, Q.2الف(v/s)2 | اطلاق/لاگو کرنا |
| 100٪ | 85 | 32 | 18 | 7 | 28 | کل نمبر |

**Note:**

1. **This ToS does not reflect policy, but it is particular to this model question paper.**
2. **Proportionate / equitable representation of the content areas as per the defined ranges may be ensured.**
3. **The percentage of cognitive level is 30%, 50%, and 20% for knowledge, understanding, and application, respectively with ± 5% variation.**
4. **While selecting alternative questions for Short Response Questions (SRQs) and Extended Response Questions (ERQs), it must be kept in mind that:** 
   i. **Difficulty levels of both questions should also be same** 
   ii. **SLOs of both the alternative questions must be different**

**Key:**

i. **Question Number (part/ first choice) marks** **example: Q2 ( i / f ) 2**

ii. **Question Number (part/ second choice) marks** **example: Q2 ( i / s) 2**

FEDERAL BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION
ISLAMABAD

111 032 473

For more information, please visit
www.fbise.edu.pk

/ Federal.BISE.Official

/ FBISEOfficial

/ fbise.official